**AQF / Adeel**

**15-11-2024 1**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیر اعظم نریندر مودی بھگوان برسا منڈا کی 150 ویں سالگرہ کی تقریبات کا آغاز کرنے کیلئے بہار کے جموئی میں منعقدہ جَن جاتیہ گورَو دویوس پروگرام میں شرکت کریں گے۔

☆ وزیراعظم آج نئی دلی میں پہلے بوڈولینڈ مہوتسو کا بھی افتتاح کریں گے۔

☆ پورے دلی اور این سی آر خطے میں خراب ہوتے ہوئے ہوا کے معیار کے پیش نظر آلودگی سے نمٹنے کے لئے سخت GRAP 3 اقدامات نافذ کئے گئے ہیں۔

☆ آج ملک بھر میں مذہبی عقیدت اور جوش خروش کے ساتھ گرو نانک جینتی منائی جارہی ہے۔

☆ حکمراں NPP نے سری لنکا کے پارلیمانی انتخابات میں زبردست سبقت حاصل کرلی ہے۔

☆ اور کرکٹ میں : آج شام جوہانسبرگ میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے دمیان چوتھا اور آخری ٹی ٹوئنٹی بین لاقوامی میچ کھیلا جائے گا۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM-JANJATIYA**

وزیر اعظم نریندر مودی جنجاتیہ گورو دیوس منانے کیلئے آج بہار کے جموئی کا دورہ کریں گے۔ اِس کے ساتھ ہی دھرتی آبا بھگوان برسا منڈا کی 150ویں سالگرہ کی تقریبات کا آغاز ہوجائے گا۔ جناب مودی قبائلی طبقوں کی ترقی اور خطے کے دیہی اور دور دراز علاقوں میں بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کیلئے 6 ہزار 600 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔ وزیر اعظم پی جن من خصوصی مہم کے تحت تعمیر کردہ گیارہ ہزار مکانات کے گرہ پرویش کی تقریب میں بھی ورچوئل طریقے سے شرکت کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ VC- Dharmendra Kumar

وزیر اعظم جموئی کے Ballopur میں ایک بڑے عوامی جلسے سے خطاب کریں گے اور پی ایم جن من اور دھرتی آبا جن جاتیہ اُتکرش گرام ابھیان اور دیگر اسکیموں سے فائدہ اٹھانے والے قبائلی برادری کے لوگوں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ وہ اِس موقع پر بھگوان برسامنڈا کے اعزاز میں ایک یادگاری سکہ اور ڈاک ٹکٹ بھی جاری کریں گے۔ جناب مودی قبائلی مجاہدین آزادی سے متعلق دو میوزیم اور دو قبائلی تحقیقی اداروں کا بھی افتتاح کریں گے ۔اِس کا مقصد قبائلی طبقات کی مالا مال تاریخ اور ورثے کا تحفظ کرنا ہے۔ وزیر اعظم یہاں قائم کئے گئے قبائلی ہاٹ کا بھی معائنہ کریں گے۔ اِس ہاٹ میں قبائلی طبقات سے تعلق رکھنے والے دستکاروں کے ذریعے تیار کی گئی مختلف قسم کی اشیاء کی نمائش کی گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ نتیش کمار، ریاستی وزراء اور دیگر معززین اِس پروگرام میں شرکت کرینگے۔

جموئی سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں۔۔

## PM-CHATTISGARH

وزیراعظم نریندر مودی ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے چھتیس گڑھ کے ضلع ہیڈ کوارٹرس میں منعقد کی جارہی تقریبات سے بھی خطاب کریں گے۔ جناب مودی پی ایم جَن مَن یوجنا کے مستفیدین سے بھی بات چیت کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ VC- Vikalp Shukla

جنجاتیہ گورو دیوس کے موقع پر آج چھتیس گڑھ کے مختلف ضلع ہیڈ کوارٹرس میں پروگراموں کا انعقاد کیا جائے گا۔ اِس موقع پر ورچؤل وسیلے سے وزیر اعظم کے خطاب کو نشر کرنے کیلئے انتظامات کئے گئے ہیں۔ پروگرام کے دوران مقامی مجاہدین آزادی کو بھی اعزاز سے نوازا جائے گا۔چھتیس گڑھ میں آج سے 26 نومبر تک پی ایم جَن مَن اور دھرتی آوا جَن جاتیہ گرام اُتکرش ابھیان کے تحت شامل گاؤں میں خصوصی گرام سبھاؤں کا بھی انعقاد کیا جارہا ہے۔ ریاست کی راجدھانی رائے پور میں کل سے دو روزہ جَن جاتیہ گورو دیوس اور بین ریاستی قبائلی لوک رقص فیسٹول پہلے ہی شروع ہوچکا ہے۔

اِس فیسٹول میں 21 ریاستوں کے 28 قبائلی ڈانس گروپ شرکت کررہے ہیں۔

رائے پور سے وکلپ شکلا کی رپوٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں۔۔۔

## PM-BODOLAND MAHOTSAV

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں پہلے بوڈولینڈ مہوتسو کا افتتاح کریں گے۔ یہ دو روزہ مہوتسو ایک متحرک بوڈو سماج

کی تعمیر اور امن کو برقرار رکھنے کی خاطر زبان وادب اور ثقافت پر مبنی ایک عظیم الشان تقریب ہے۔ وزیراعظم کے دفتر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اِس مہوتسو کا مقصد نہ صرف بوڈولینڈ کے مقامی باشندوں بلکہ آسام، مغربی بنگال اور نیپال کے دیگر حصوں اور شمال مشرق کے دیگر بین الاقوامی سرحدی علاقوں کے افراد کو مربوط کرنا ہے۔

اس مہوتسو کا موضوع 'خوشحال بھارت کیلئے امن و ہم آہنگی ہے'، جس کے تحت بوڈولینڈ علاقائی خطے کی دیگر برادریوں کے ساتھ بوڈو برادری کی مالا مال ثقافت، زبان اور معلومات پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ یہ مہوتسو وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں 2020 میں بوڈو امن معاہدے پر دستخط کئے جانے کے بعد سے بحالی اور پائیداری کے نمایاں سفر کا جشن منانے کا بھی ایک موقع ہے۔ اِس امن معاہدے سے بوڈو لینڈ میں صدیوں سے چلے آرہے تنازع اور تشدد کو ختم کرنے میں مدد ملی ہے۔ اس تقریب میں بوڈو لینڈ خطے، آسام، مغربی بنگال، تریپورہ، ناگالینڈ، میگھالیہ، اروناچل پردیش اور ملک کے مختلف حصوں سے پانچ ہزار سے زیادہ ثقافتی، لسانی اور فنون سے وابستہ افراد شرکت کریں گے۔×

**<u>CAQM DELHI AIR POLLUTION</u>**

ہوا کے معیار کے بندوبست سے متعلق کمیشن CAQM نے ہوا کی کوالٹی کو مزید خراب ہونے سے روکنے کیلئے دلّی، NCR میں آج صبح 8 بجے سے رفتہ رفتہ اقدامات سے متعلق منصوبے GRAP کے تیسرے مرحلے کو نافذ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ پہلے اور دوسرے مرحلے کے اقدامات کا سلسلہ جاری رہے گا۔ دلّی NCR میں ہوا کے خراب ہوتے معیار کے پیش نظر، کل GRAP کی ذیلی کمیٹی نے ایک میٹنگ کی تھی۔ NCR اور DPCC کی آلودگی کی روک تھام سے متعلق بورڈ اور GRAP کے تحت اقدامات سے وابستہ مختلف ایجنسیوں کو تیسرے مرحلے کے تحت اقدامات کو سختی سے لاگو کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Suparna**

*رفتہ رفتہ اقدامات سے متعلق منصوبے GRAP کے تیسرے مرحلے کے تحت سڑکوں کی مشینوں کے ذریعہ سوئیپنگ اور دھول اُڑنے کو روکنے کیلئے روزانہ پانی کے چھڑکاؤ میں تیزی لائی جائے گی۔ بورنگ اور ڈریلنگ کے کاموں سمیت تعمیراتی کاموں پر سخت پابندی نافذ رہے گی۔ سبھی انہدامی کاموں، سیور لائن یا پانی کی لائن بچھانے اور مستری کے کاموں پر بھی پابندی رہے گی۔ پورے NCR خطے میں اسٹون کریشر اور کانکنی سے متعلق سرگرمیاں بند رہیں گی۔ شہریوں کو کم فاصلے کیلئے یا تو پیدل چلنے یا سائیکل استعمال کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ جو لوگ گھر سے کام کرسکتے ہیں، انہیں ورک فرام ہوم کا بھی مشورہ دیا گیا ہے۔*

*سدلّی سے سپرناسائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**JHARKHAND CAMPAIGNIN**

جھارکنڈ میں NDA اور I.N.D.I.A. بلاک کے رہنماؤں نے دوسرے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے اپنی چناؤ مہم تیز کردی ہے۔ وہ ووٹروں کو راغب کرنے کے لئے بھرپور کوششیں کررہے ہیں۔ کانگریس کے سینئر رہنما راہل گاندھی ، بکارو کے Bermo اور Godda ضلع میں Mahgama کے مقام پر دو انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے، جبکہ BJP کے سینئر رہنما اور وزیر دفاع راجناتھ سنگھ دھنباد کے Tundi رانچی کے Dhurva اور Godda میں تین جلسۂ عام سے خطاب کریں گے۔ جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے سینئر رہنما اور وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین، Nala, Borio اور Poraiyahaat میں انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔ آر جے ڈی کے سینئر رہنما اور بہار کے سابق نائب وزیرا علیٰ تیجسوی پرساد یادو دیوگھر میں انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔

آل جھارکھنڈ اسٹوڈنٹ یونین اور بائیں بازو کی پارٹیوں کے رہنما بھی ریاست کے مختلف علاقوں میں ریلیوں سے خطاب کریں گے اور روڈ شو کریں گے۔ ریاست میں اِس مہینے کی 20 تاریخ کو دوسرے مرحلے کے انتخابات کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو کی جائے گی۔

**JHARKHAND DUMKA PROFILE**

اسمبلی حلقوں کے انتخابی منظر نامے کی سیریز کے تحت آج ہم جھارکھنڈ کی دُمکا اسمبلی سیٹ پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔ اِس سیٹ پر اِس مہینے کی 20 تاریخ کو دوسرے مرحلے کے انتخابات کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ VC- KK Lal

*یہ سیٹ درج فہرست قبائل کے لئے مخصوص ہے۔ اِس سیٹ سے بسنت سورین جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے امیدوار کے طور پر چناؤ لڑ رہے ہیں۔ جناب سورین وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین کے بھائی اور اِس سیٹ سے موجودہ ایم ایل اے ہیں۔ BJP نے سابق رُکن پارلیمنٹ سنیل سورین کو یہاں سے امیدوار بنایا ہے۔ BSP کے بابو رام مرمو بھی یہاں سے اپنی قسمت آزمارہے ہیں۔ اگرچہ یہاں سے سات آزاد امیدوار سمیت کُل 13 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں تاہم جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے بسنت سورین اور BJP کے سنیل سورین کے درمیان ہے۔ دیہی ترقیات ، قبائلی افراد کے حقوق اور بنیادی ڈھانچے کی تعمیر یہاں کے کلیدی مسائل ہیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے بسنت سورین اپنی*

سیٹ برقرار رکھ پاتے ہیں یا سابق رکن پارلیمنٹ سنیل سورین جیت حاصل کرتے ہیں۔

رانچی سے کے کے لال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں۔۔۔

**MAHARASHTRA CAMPAIGNIN**

مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم مزید تیز ہوگئی ہے۔ مرکزی وزیر اور بی جے پی کے سینئر رہنما آج Hingoli, Yawatmal اور Chandrapur میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔ مرکزی وزیر نتن گڈکری Gadhiroli, Chandrapur اور ناگپور میں چناؤ مہم میں حصہ لیں گے۔ بی جے پی کے صدر جے پی نڈا تھانے اور ناسک میں انتخابی مہم میں شرکت کریں گے۔ بی جے پی رہنما جویندر فڑنویس ستارا، سانگلی اور پونے میں چناؤ مہم میں حصہ لیں گے۔

دوسری طرف این سی پی ایس پی کے شرد پوار ستارا، کولھاپور اور سانگلی میں مہا وکاس اگھاڑی کے امیدوار کی حمایت میں لوگوں سے ووٹ مانگیں گے۔ این سی پی ایس پی کی ایم پی سپریا سولے Beed اور Ahilyanagar میں چناؤ مہم میں حصہ لیں گی۔ شیو سینا یو بی ٹی کے سربراہ ادھو ٹھاکرے چھترپتی سنبھاجی نگر اور ناسک میں چناؤ مہم میں حصہ لیں گے۔

**EXPORT DATA**

اپریل سے اکتوبر 2024 کے دوران بھارت کی برآمدات میں مجموعی طور پر سات اعشاریہ دو آٹھ فیصد کا زبردست اضافہ ہوا ہے اور یہ کُل 468 اعشاریہ دو سات اَرب ڈالر رہی۔ گزشتہ برس اسی عرصے کے دوران یہ 436 اعشاریہ چار آٹھ اَرب ڈالر تھی۔ کامرس اور صنعت کی وزارت کی جانب سے جاری اعداد وشمار کے مطابق صرف اشیاء کی برآمدات ہی 252 اعشاریہ دو آٹھ اَرب ڈالر تک پہنچ گئی۔×

**GURU NANAK JAYANTI**

آج ملک اور پوری دنیا میں، پوری مذہبی عقیدت کے ساتھ گرونانک جینتی یا Gurpurab منایا جارہا ہے۔ سکھوں کے پہلے گرو، گرونانک دیوجی کے یوم پیدائش پر یہ تہوار منایا جاتا ہے، جنھوں نے سکھ مذہب کی بنیاد ڈالی۔ اس سال گرو نانک دیو جی کی 555 ویں سالگرہ ہے۔ آج دنیا بھر میں عقیدت اَرداس کررہے ہیں۔ Nanak Song

پنجاب میں امرتسر میں شری ہرمیندرصاحب اور دیگر گرودواروں میں سبھی مذاہب کے سینکڑوں عقیدت مند کیرتن میں شامل ہورہے ہیں۔ سکھوں کے 10 گروؤں میں سے پہلے گرونانک دیوجی 1469 میں Rai Bhoi Di Talwandi میں پیدا ہوئے، جو اب پاکستان میں ننکانہ صاحب کے طور پر جانا جاتا ہے۔ گرونانک دیو جی کی تعلیمات امن وآشتی، مساویانہ سلوک اور قومی ہم آہنگی کا درس دیتی ہیں۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے پرکاش پَرو کے موقع پر لوگوں کو مبارک باد دی ہے۔ اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ گرونانک دیوجی نے سبھی کو اپنی سماجی ذمہ داریوں کو پورا کرتے ہوئے ایثار وقربانی اور علم کے حصول کیلئے روحانیت کا راستہ اختیار کرنے کی ترغیب دی۔ نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے بھی سب کو مبارک باد دی ہے۔ انہوں نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ گرونانک دیوجی کی تعلیمات سے تحریک حاصل کرتے ہوئے سچائی، ہم آہنگی اور اتحاد کے اصولوں کی خاطر خود کو پھر سے وقف کرنے کا عہد کریں۔×

## UP-DEV DEEPAWALI

اترپردیش میں آج کارتک پورنیما کے موقع پر پوتر دریاؤں کے گھاٹ اشنان کیلئے پہنچنے والے عقیدت مندوں کیلئے سجے ہوئے ہیں۔ وارانسی میں دیو دیپاولی کی تقریبات کیلئے بھی تیاریاں جاری ہیں، جس میں نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ شرکت کریں گے۔ دریائے گنگا، جمنا اور سریو میں پوتر اشنان کیلئے عقیدت مند گھاٹوں کا رخ کررہے ہیں۔ ایودھیا میں 10 لاکھ سے زیادہ عقیدت مندوں کے آنے کا امکان ہے، جس کیلئے انتظامیہ نے وسیع تر انتظامات کئے ہیں۔

وارانسی میں دریائے گنگا اور چترکوٹ ضلع میں مندانکی کے گھاٹ دیو دیپاولی مہوتسو کیلئے خوبصورتی سے سجائے گئے ہیں۔ پوتر دریائے گنگا کے 84 گھاٹ پر آج شام 17 لاکھ سے زیادہ دیئے روشن کئے جائیں گے۔ نائب صدر جمہوریہ اصل پروگرام میں شرکت کریں گے۔ وہ آج نموگھاٹ کا باضابطہ طور پر افتتاح کریں گے۔ مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری بھی اس موقع پر موجود رہیں گے۔×

## SL-ELECTION

سری لنکا کی حکمراں پارٹی نیشنل پیپلز پاور NPP نے پارلیمانی انتخابات میں زبردست سبقت حاصل کرلی ہے۔ بائیں بازو اتحاد نے اب تک 60 فیصد سے زیادہ ووٹ حاصل کیا ہے اور56 میں سے 44 سیٹیں جیت لی ہیں۔ ساجتھ پریم داسا کی پارٹی Samagi Jana Balawegaya اور سابق صدر رانل وکرما سنگھے کی حمایت والی پارٹی نیو ڈیموکریٹک فرنٹ کے ووٹوں میں بالترتیب 19 اور 5 فیصد کی کمی آئی ہے۔

ایک رپورٹ۔ VC- Ahmad Muyeen Farooqi

## SPORT ROUNDUP

کرکٹ میں آج شام جوہانسبرگ کے Wanderers اسٹیڈیم میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان چوتھا اور آخری ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ کھیلا جائے گا۔ بھارت کو 4 میچوں کی سیریز میں دو ایک کی سبقت حاصل ہے۔ پہلے ٹی ٹوئنٹی

میچ میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو 61 رن سے ہرایا تھا دوسرے میچ میں میزبان جنوبی افریقہ نے تین وکٹ سے جیت حاصل کرکے سیریز برابر کرلی تھی۔ تیسرے میچ میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو گیارہ رن سے ہراکر سیریز میں سبقت حاصل کرلی تھی۔

ہاکی میں بہار کے راجگیر میں جاری خواتین ایشین چمپئنس ٹرافی میں کل شام بھارت نے تھائی لینڈ کو صفر کے مقابلے تیرہ گول سے شکست دی۔ لگاتار تین جیت کے ساتھ بھارت فی الحال پوائنٹس ٹیبل میں گول کے فرق کی بنیاد پر اولمپک کھیلوں میں چاندی کا تمغہ جیتنے والی چین کی ٹیم سے پیچھے ہے۔ بھارت کا مقابلہ کل چین سے ہوگا۔

**ATP TENNIS**

ٹینس میں بھارت کے روہن بوپنا اور آسٹریلیا کے اُن کے ساتھی کھلاڑی میتھیو ایبڈن آج شام ATP فائنل 2024 میں اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گے۔ چھٹے درجے کی بوپنا ایبڈن کی جوڑی کا گروپ مرحلے کا آخری میچ مردوں کے ڈبلز میں جرمنی کی جوڑی سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر چار بجے سے کھیلا جائے گا۔ پہلے دو مقابلے ہارنے کے بعد بوپنا اور ایبڈن سیمی فائنل کی دوڑ سے باہر ہیں۔

گروپ مرحلے کے پہلے میچ میں بھارت اور آسٹریلیا کی جوڑی، اٹلی کی جوڑی سے، جبکہ دوسرے مقابلے میں کروشیا کی جوڑی سے ہار گئی تھی۔ اس دوران مردوں کے سنگلز میں Jannik Sinner پہلی پوزیشن پر جبکہ Taylor Fritz دوسرے مقام پر رہے۔ دونوں ہی کھلاڑیوں نے سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے، جو کل کھیلے جائیں گے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......محمد عمار

شکریہ - کلیم احمد

دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں کے ساتھ شائع کیا ہے۔ کووڈ-19 وباء کے دوران وزیراعظم نریندر مودی کی جانب سے ڈومینکا کی مدد کئے جانے کے اعتراف میں دیئے جانے والے اعزاز سے متعلق روزنامہ ملاپ کی شہ سرخی ہے۔ وزیراعظم کو ڈومینکا ایوارڈ آف آنر سے نوازا جائے گا۔ یہ ایوارڈ 19 سے 21 نومبر کے درمیان منعقد ہونے والی ایک تقریب میں دیا جائے گا۔ اسی اخبار کی ایک اور اہم سرخی انڈیا انٹرنیشنل ٹریڈ فیئر سے متعلق ہے۔ دلّی میں تجارتی میلے کا آغاز، یہ میلہ 27 نومبر تک جاری رہے گا۔ عام لوگوں کو 19 نومبر سے داخلے کی اجازت ہوگی۔

دلّی گیس چیمبر میں تبدیل، ہوا ہوئی زہریلی، یہ سرخی ہے روزنامہ راشٹریہ سہارا کی۔ اخبار نے لکھا ہے کہ آلودگی کا معاملہ

پھر پہنچا سپریم کورٹ۔ روزنامہ ہمارا سماج نے غزہ میں فلسطینیوں کو بڑے پیمانے پر اور جان بوجھ کر جبری نقل مکانی پر مجبور کئے جانے سے متعلق سرخی لگائی ہے۔ ہیومن رائٹس واچ نے غزہ میں جبری نقل مکانی کو اسرائیل کا جنگی جرم قرار دیا ہے۔ خواتین ایشین چمپئن ٹرافی ہاکی مقابلے کے حوالے سے روزنامہ انقلاب نے لکھا ہے کہ بھارتی ہاکی ٹیم نے لگائی ہیٹ ٹرک، تھائی لینڈ کو ہراکر مسلسل تیسری کامیابی حاصل کی۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر اعظم نریندر مودی بھگوان برسا منڈا کی 150 ویں سالگرہ کی تقریبات کا آغاز کرنے کیلئے بہار کے جموئی میں منعقدہ جَن جاتیہ گورَو دویس پروگرام میں شرکت کریں گے۔

☆ وزیراعظم آج نئی دلی میں پہلے بوڈولینڈ مہوتسو کا بھی افتتاح کریں گے۔

☆ پورے دلی اور این سی آر خطے میں خراب ہوتے ہوئے ہوا کے معیار کے پیش نظر آلودگی سے نمٹنے کے لئے سخت GRAP 3 اقدامات نافذ کئے گئے ہیں۔

☆ آج ملک بھر میں مذہبی عقیدت اور جوش خروش کے ساتھ گرو نانک جینتی منائی جارہی ہے۔

☆ حکمراں NPP نے سری لنکا کے پارلیمانی انتخابات میں زبردست سبقت حاصل کرلی ہے۔

☆ اور کرکٹ میں : آج شام جوہانسبرگ میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے دمیان چوتھا اور آخری ٹی ٹوئنٹی بین لاقوامی میچ کھیلا جائے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------